# ماڈیول ۶

## طلبِ مال اور طلبِ علم کا موازنہ

طلبِ مال کا مقصد ہوتا ہے سکون اور راحت حاصل کرنا، لیکن یہ دیکھا گیا ہے کہ مال اکثر سکون کا سبب نہیں بنتا۔ اللہ نے فرمایا:
"دل صرف اللہ کے ذکر کے ذریعے سکون پاتے ہیں۔"

## نبی کریم ﷺ کا فقر اور سکون

رسول اللہ ﷺ کا فقر اختیاری تھا، مجبوری نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔" آپ نے سادگی والی زندگی کو خود ترجیح دی اور سب سے زیادہ اطمینانِ قلب کے مالک تھے۔ آپ ﷺ کہا کرتے تھے کہ اگر ان کے پاس اُحد پہاڑ جتنا بھی سونا ہو، وہ اللہ کی راہ میں خرچ کر دیں۔ آپ ﷺ کا سکون اللہ کی عبادت اور طلبِ علم میں تھا، نہ کہ مال اور عیش و آرام میں۔ صرف دل کی تنگی ان چیزوں میں رکاوٹ بنتی ہے۔

## طلبِ علم کا فائدہ

جو شخص علم کے لیے اپنی زندگی وقف کرتا ہے، اللہ اسے دنیا اور آخرت دونوں میں عظمت عطا کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، صحابہ رضی اللہ عنہم جیسے عبداللہ بن عباس، ابوہریرہ، اور اصحابِ صفہ نے اپنی زندگیاں علم کے لیے وقف کر دیں۔

## طلبِ علم اور طلبِ مال کا نسبت

اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص علم کے لیے سفر کرتا ہے، اللہ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے۔"

# مال اور علم کا تقابلی جائزہ

ابو کبشہ الانماری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"تین چیزیں ایسی ہیں جن پر میں قسم کھا سکتا ہوں اور ایک بات تمہیں بتا رہا ہوں، اسے یاد کر لو:

1. صدقہ کسی کا مال کم نہیں کرتا۔
2. جب کسی بندے پر ظلم ہوتا ہے اور وہ اس پر صبر کرتا ہے، تو اللہ اس کی عزت کو بڑھا دیتا ہے۔
3. جو شخص مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے، اللہ اس پر فقر یات کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

پھر فرمایا: "دنیا چار قسم کے لوگوں کے لیے ہے:

1. ایک بندہ جسے اللہ نے مال اور علم دیا ہو اور وہ اپنے رب سے ڈر کر اس مال کا حق ادا کرے اور صلہ رحمی کرے۔ یہ شخص سب سے افضل ہے۔
2. ایک بندہ جسے اللہ نے صرف علم دیا ہو، مال نہیں دیا، لیکن وہ نیت کرتا ہے کہ اگر اس کے پاس مال ہوتا تو وہ بھی پہلے شخص کی طرح عمل کرتا، پھر اسے پہلے شخص کے برابر کا درجہ ملتا ہے۔

یہ دونوں بندوں کا درجہ صرف علم کی وجہ سے برابر ہے۔

3. ایک بندہ جسے اللہ نے مال دیا ہو لیکن علم نہیں دیا، اور وہ اپنے مال کو بغیر سوچے سمجھے خرچ کرتا ہے، نہ اپنے رب سے ڈرتا ہے، نہ اس مال کا حق ادا کرتا ہے۔

اللہ کے حق سے غافل ہے، دوسروں کا حق بھی مارتا ہے۔ ایسے لوگوں کا انجام سب سے کمینے ترین مقام پر ہے۔

4. ایک بندہ جسے اللہ نے نہ مال دیا اور نہ علم دیا، لیکن وہ کہتا ہے کہ اگر اس کے پاس مال ہوتا تو وہ تیسرے شخص کی طرح خرچ کرتا۔ دونوں کا بوجھ برابر ہے۔

یہ جاہل اور فقیر کو اس کی نیت کے مطابق ہی انجام ملے گا — بدترین۔

## قارون اور اس کا انجام

قرآن میں قارون کا قصہ ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ مال اور دولت کا غرور اور اس کا غلط استعمال انسان کو تباہی کی طرف لے جاتا ہے۔ جب لوگ قارون کی دولت کو دیکھ کر حسرت کرتے تھے، تو علم رکھنے والوں نے کہا:

"تمہاری ہلاکت ہو، جو اللہ کے پاس ہے وہ بہترین ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان اور عملِ صالح کرتے ہیں۔"

## قارون کا انجام

جب اللہ نے قارون اور اس کے خزانے کو زمین میں دھنسا دیا، تو وہ لوگ جو اس کی طرح مال کی خواہش کرتے تھے، کہنے لگے:

"اگر اللہ کا فضل ہمارے ساتھ نہ ہوتا، تو ہم بھی زمین میں دھنسا دیے جاتے۔"

یہ قصہ یہ ثابت کرتا ہے کہ دولت کے ساتھ غرور اور اس کا غلط استعمال انسانی انجام کو تباہ کر دیتا ہے۔

## علم والوں کی فضیلت

اس قصے میں علم رکھنے والوں کی بات کو اللہ نے اونچا درجہ دیا اور ان کا انجام بہترین ہوا۔ یہ ہمیں یہ سمجھاتا ہے کہ دولت سے زیادہ علم اور عملِ صالح انسانی کامیابی کا سبب ہیں۔ انسان کو چاہیے کہ دنیا کو اسی حد میں رکھے اور اللہ کی ہدایت کو مدِ نظر رکھے۔ اللہ نے اپنے نبی ﷺ کو صرف ایک چیز زیادہ مانگنے کی تلقین کی، اور وہ ہے علم۔ قرآن میں اللہ کا فرمان ہے:

"اے میرے رب، مجھے علم میں اضافہ عطا فرما۔"

## امام ابن حجر کی رائے

امام ابن حجر رحمہ اللہ اپنی کتاب بلوغ المرام کے مقدمے میں لکھتے ہیں: "کیا ہی بہترین وارث اور کیا ہی بہترین وراثت ہے۔" وہ لوگ جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وراثت، یعنی علمِ نبوت کو حاصل کرتے ہیں، ان کا مقام دنیا کے کسی مال سے نہیں تول سکتا۔ مال اور علم کو ہمیشہ صحیح توازن کے ساتھ چلانا چاہیے۔

## Talb-e-Maal aur Talb-e-Ilm ka Mawazana

Talb-e-maal ka maqsad hota hai sukoon aur rahat hasil karna. Lekin yeh dekha gaya hai ke maal aksar sukoon ka sabab nahi banta. Allah ne farmaya:
"Dil sirf Allah ke zikr ke zariye sukoon paate hain."

## Nabi Kareem ﷺ ka Faqr aur Sukoon

Rasulullah ﷺ ka faqr ikhtiyari tha, majboori nahi. Aap ﷺ ne farmaya:
*"Meri ankhon ki thandak namaz mein rakhi gayi hai"*

App ne sadgi wali zindigi ko khud tajri di thi,aur sab zaida itmenaan-e-qalb kay malik the.Ap ﷺ kaha karte the kay agar unkay pas Uhd pahar jitna bhi sona ho, woh Allah ki rah me kharch kar dete. Aap ﷺ ka sukoon Allah ki ibadat aur talb-e-ilm mein tha, na ke maal aur aish-o-aram mein.Sirf dil ki tangi in chezo me rukawat banti hai.

## Talb-e-Ilm ka Faida

Jo shaks ilm ke liye apni zindagi waqf karta hai, Allah usko dunya aur akhirat dono mein azmat ata karta hai.Misal ke taur par, Sahaba **رضی اللہ عنہم** jaise Abdullah ibn Abbas, Abu Hurairah, aur Ashab-e-Suffah ne apni zindagiyan ilm ke liye waqf kar dein.

## Talb-e-Ilm aur Talb-e-Maal ka Nisbat

Allah ke Nabi ﷺ ne farmaya:
*"Jo shaks ilm ke liye safar karta hai, Allah uske liye jannat ka rasta aasan kar deta hai."*

## Maal aur Ilm ka Taqabuli Jaiza

Abu Kabsha Al-Anmari **رضی اللہ عنہ** se riwayat hai ke unho ne suna ke Rasulullah ﷺ ne farmaya:

"Teen cheezein aisi hain jin par main qasam kha sakta hoon aur ek baat tumhe bata raha hoon, ise yaad kar lo:

1. Sadaqah kisi ka maal kam nahi karti.
2. Jab kisi bande par zulm hota hai aur woh is par sabr karta hai, to Allah uski izzat ko barha deta hai.
3. Jo shaks maangne ka darwaza kholta hai, Allah us par faqriyat ka darwaza khol deta hai."

Phir farmaya:
**"Duniya chaar qisam ke logon ke liye hai:**

1. Ek banda jise Allah ne maal aur ilm diya ho aur woh apne Rubb se dar kar us maal ka haqq ada kare aur silah rehmi kare.Yeh shaks sab se afzal hai.

2. Ek banda jise Allah ne sirf ilm diya ho, maal nahi diya, lekin woh neeyat karta hai ke agar uske paas maal hota to woh bhi pehle shaks ki tarah amal karta,phir usay pehle shaks ke barabar ka darja deta hai.

Yeh dono bando ka darja sirf Ilm ke wajah se barabar hai.

3. Ek banda jise Allah ne maal diya ho lekin ilm nahi diya, aur woh apne maal ko bina soch samajh kharch karta hai, na apne Rubb se darta hai, na us maal ka haqq ada karta hai.

Allah kay haqq se ghafil hai ,dosro ko haq bhi martey hai aise log, in ka anjaam sab se kabees tareen maqam par hai.

4. Ek banda jise Allah ne na maal diya aur na ilm diya, lekin woh kehta hai ke agar uske paas maal hota to woh teesre shaks ki tarah kharch karta. Dono ka bojh barabar hai."

Yeh jahil aur faqeer ko iskay niyat jaise hi anjam miley ga-badtareen.

## Qaroon aur Uska Anjam

Qur'an mein Qaroon ka qissa hume yeh sikhaata hai ke maal aur dolat ka gurur aur iska ghalat istemal insaan ko tabahi ki taraf le jata hai.Jab log Qaroon ki daulat ko dekh kar hasrat karte the, to ilm rakhne walon ne kaha: “Tumhari halaakat ho, jo Allah ke paas hai woh behtareen hai un logon ke liye jo iman aur amal-e-saalih karte hain.”

## Qaroon Ka Anjam

Jab Allah ne Qaroon aur uske khazane ko zameen mein dhasa diya, to woh log jo uski tarah maal ki khwahish karte the, kehne lage: "Agar Allah ka fazal hamare sath na hota, to ham bhi zameen mein dhasa diye jate." Yeh qissa yeh sabit karta hai ke daulat ke saath gurur aur is ka ghalat istemal insani anjam ko tabah kar deta hai.

## Ilm Walon Ki Fazilat

Is qisse mein ilm rakhne walon ki baat ko Allah ne uncha darja diya aur unka anjaam behtareen hua.Yeh hume yeh samjhata hai ke daulat se zyada ilm aur amal-e-saalih insani kamiyabi ka sabab hai. Insaan ko chahiye ke duniya ko usi had mein rakhe aur Allah ki hidayat ko madde nazar rakhe.Allah ne apne Nabi ﷺ ko sirf ek cheez zyada maangne ki talqeen ki, aur woh hai ilm.Quran mein Allah ka farman hai:"Aey mere Rubb, mujhe ilm mein izafa ata farma."

## Imam Ibn Hajar Ki Raye

Imam Ibn Hajar **رحمه الله** apni kitaab *Bulugh al-Maram* ke muqaddime mein likhte hain:
**"**Kya hi behtareen waaris aur kya hi behtareen wirasat hai."

Woh log jo Nabi ﷺ ki wirasat, yani ilm-e-nabuwat ko hasil karte hain, unka maqam duniya ke kisi maal se nahi tol sakta. Mal aur ilm ko hamesha sahi Tawazun ke sath chalana chahiye.